**26.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رَضوی

Music

........................................................................

1۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ ترقی یافتہ بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی جانب اپنے رویّے اور کام میں، آئین کی اَقدار کو ضم کرلیں۔

2۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے اِس عزم کو دوہرایا ہے کہ بھارت کی سلامتی کو چیلنج کرنے والی ہر دہشت گرد تنظیم کو، منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

3۔ ملک نے آج 2008 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

4۔ انتخابی کمیشن نے راجیہ سبھا کی 6 خالی سیٹوں کے ضمنی انتخابات، 20 دسمبر کو کرائے جانے کا اعلان کیا۔

5۔ اور سید مودی بین الاقوامی 2024 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ لکھنؤ میں شروع ہوگیا ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Prez Constitution Day*

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے برتاؤ میں آئین کے نظریات کو شامل کریں، اپنے بنیادی فرائض کو پورا کرے اور 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کے قومی ہدف کے حصول کی خاطر کام کریں۔ آج یومِ آئین کے موقع پر نئی دلّی میں Samvidhan Sadan کے مرکزی ہال میں منعقدہ ایک عظیم الشان تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارتی آئین کو ایک جیتا جاگتا اور ترقی پسند دستاویز قرار دیا، جس کے ذریعے ملک سماجی انصاف اور سب کی شمولیت پر مبنی ترقی کے اہداف کو حاصل کر رہا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Anupam Mishra

لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کے ریزرویشن سے متعلق ناری شکتی وَندن ادھینیم کی منظوری کی ستائش کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ خواتین کو بااختیار بنانے کے ایک نئے دور کا آغاز ہے۔

S/B: President Woman Power-17 Secs

اپنے خطاب میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ بھارت، خاطر خواہ اقتصادی ترقی، مضبوط بنیادی

ڈھانچے اور بڑے پیمانے پر ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو اختیار کرنے کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور اِن سبھی کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔

S/B: Vice Prez Dhankhar 75 Year

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ بھارتی آئین برسوں کی ریاضت، قربانی اور ملک کے عوام کی قوت کا نتیجہ ہے۔

S/B: Om Birla- Savidhan- 21Sec

اِس تقریب کے دوران صدر جمہوریہ نے آئین کو اختیار کیے جانے کے 75 برس مکمل ہونے کے موقع پر ایک یادگاری سکّہ اور ڈاک ٹکٹ جاری کیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزراء، لوک سبھا اور راجیہ سبھا، دونوں ایوانوں کے اپوزیشن رہنما، ارکانِ پارلیمنٹ اور دیگر سرکردہ شخصیات نے اِس تقریب میں شرکت کی۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسلم بیگ

## Virendra KR Constitution Day

سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار نے آج کہا ہے کہ آئین میں موجود برابری سے متعلق شقوں کو، مودی حکومت نے اپنے عزم اور قیادت کے ذریعے، حقیقت میں تبدیل کیا ہے۔ نئی دلّی میں ڈاکٹر امبیڈکر بین الاقوامی مرکز میں یومِ آئین کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر کمار نے، آئین میں بیان کی گئی شقوں کی دوراندیشی کی ستائش کی اور کہا کہ حکومت نے اِن شقوں کے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے سبھی شعبوں میں انتھک کام کیا ہے۔انھوں نے آئین کی لچکداری کو بھی سراہا اور کہا کہ اِس کی وجہ سے حکومت قبائیلیوں، غریبوں، درجِ فہرست ذاتوں، خواتین، معذور افراد اور مخنث افراد کی ترقی وفروغ کیلئے، آئین میں ترمیم کرکے آج کی ضرورتوں کو پورا کرسکی ہے۔ڈاکٹر کمار نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور اُس کا مسودہ تیار کرنے والی کمیٹی کے رول کو یاد کیا اور کہا کہ آئین تیار کرنے کے اُن کے کام سے، بھارت کو نئی اونچائیوں پر پہنچنے میں مدد ملی ہے۔ وزیر موصوف نے عوام سے اپیل کی کہ وہ خود سے قطع نظر، سماج کی بھلائی کیلئے زندگی جی کر ڈاکٹر امبیڈکر کے نقش قدم پر چلیں تاکہ ملک پر ایک دیرپا اثر قائم کیا جاسکے۔

S/B Dr Virendra Kumar

## J&K Constitution Day

جموں وکشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج، جموں کے اسمبلی کمپلیکس کے مرکزی ہال میں آئین کی تمہید پڑھ کر یومِ آئین کی تقریبات کی قیادت کی۔ اِس موقع پر انھوں نے کہا کہ ہمارے ملک کے جمہوری سفر میں یہ دن ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ انھوں نے اِس بات کو دوہرایا کہ یہ دن ہمیں آئین کو ترتیب دینے والوں کے تعاون کا اعتراف کرنے کا موقع بھی فراہم کرتاہے۔

## Rev. PM Constitution Day

وزیر اعظم نریندر مودی نے، ملک کی سلامتی کو چیلنج کرنے والی، کسی بھی دہشت گرد تنظیم کو، منھ توڑ جواب دینے کے بھارت کے عزم کو دوہرایا ہے۔ وہ آج شام سپریم کورٹ میں یومِ آئین کی تقریبات سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B 2100 PM 26/11

وزیر اعظم نے کہا کہ آئین، ہر اُمید پر پورا اترا ہے اور یہ ملک کی ضرورت ہے، اور یہ شہریوں کیلئے ایک رہنمائی حاصل کرنے والی روشنی کے طور پر کام کرتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ آئین کی طاقت ہی ہے کہ جموں وکشمیر میں، اِس پر پوری طرح عملدرآمد کیا گیا ہے۔

S/B PM Modi J&K

اِس موقع پر وزیر اعظم نے بھارتی عدلیہ 24-2023 کی سالانہ رپورٹ بھی جاری کی۔قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ بھارت کا آئین، بھارت کے اتحاد، سالمیت اور ترقی کی اصل بنیاد ہے۔

بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کھنہ نے کہا کہ آج ملک اِس تاریخی موقعے کا احترام،محض بھارتی آئین کو اپنائے جانے کی تقریب کے طور پر نہیں کر رہا، بلکہ ایک جیتے جاگتے دستاویز کی مثال کے طور پر کر رہا ہے۔

S/B 2100 CJI Constitution Day

اس موقع پر سپریم کورٹ کے موجودہ اور سابق جج بھی موجود تھے۔ پروگرام کا انعقاد سپریم کورٹ نے کیا تھا۔

## Mumbai Attacks 26-11

ملک آج 2008 میں 26 نومبر کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے شہداء کو یاد کر رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اِن حملوں میں جان گنوانے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک اپنے اُن بہادر حفاظتی اہلکاروں کا ممنون ہے اور انہیں سلام پیش کرتا ہے، جنہوں نے ہم وطنوں کے تحفظ کی خاطر عظیم قربانی دی۔مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Swati Rakheja

چھبیس/گیارہ کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے مہلوکین کے تئیں یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ دن اِس بات کو ایک مرتبہ پھر دوہرانے کا بھی ہے کہ بھارت، دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کیلئے مسلسل پُرعزم ہے خواہ وہ کسی بھی شکل میں ہو۔ ممبئی میں مہاراشٹر کے گورنر CP رادھا کرشنن نے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزراء اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور اجیت پوار کے ہمراہ چھبیس/ گیارہ کے 16 برس مکمل ہونے کے موقع پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ چھبیس/گیارہ کے حملوں کے دوران پاکستان میں قائم لشکر طیبہ کے 10 دہشت گردوں نے شہر کے مختلف مقامات پر حملے کیے تھے، جن میں 166 افراد ہلاک اور 300 سے زیادہ زخمی ہوگئے تھے۔ ممبئی کے اِن بزدلانہ حملوں کو کئی برس گزر چکے ہیں اور بھارت کی جانب سے کئی مرتبہ ڈوزیئر دیئے جانے کے باوجود پاکستان نے ابھی تک اِس سلسلے میں کوئی کارروائی نہیں کی ہے اور نہ ہی اِس معاملے کے اصل ملزم کو سزا ہو پائی ہے۔

آکاشوانی نیوز روم سے سواتی رکھیجا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Shah Cooperative

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے آج کہا ہے کہ یہ مرکزی حکومت کا عزم ہے کہ بھارت کو 2027 تک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بنایا جائے اور امدادِ باہمی کی وزارت اِس شاندار سفر میں ایک اہم رول ادا کرے گی۔ جناب شاہ آج شام نئی دلّی میں امدادِ باہمی کے ریاستی بینکوں کی قومی فیڈریشن لمیٹڈ NAFSCOB کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B Amit Shah

## EC RS Bypoll

انتخابی کمیشن نے آج راجیہ سبھا کی 6 سیٹوں پر ضمنی انتخابات کا اعلان کیا ہے۔ ان میں تین سیٹیں آندھراپردیش کی اور اڈیشہ، مغربی بنگال اور ہریانہ کی ایک ایک سیٹ شامل ہیں۔ ضمنی انتخابات کا نوٹیفکیشن 3 دسمبر کو جاری کیا جائے گا اور کاغذات نامزدگی اگلے مہینے کی 10 تاریخ تک داخل کیے جاسکیں گے۔ پولنگ اور ووٹوں کی گنتی 20 دسمبر کو ہوگی۔x

## NIA Manipur

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے منی پور تشدد میں حالیہ اضافے سے متعلق تین اہم معاملات میں آج تفصیلی تحقیقات کا آغاز کیا ہے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے معاملات کی سنگین نوعیت کے پیش نظر اُنہیں ایجنسی کو سپُرد کرنے کا فیصلہ کیے جانے کے بعد NIA نے تین معاملات کو دوبارہ درج کیا ہے۔ اِن معاملات کو بھارتیہ نیائے سنہتا، اسلحے سے متعلق قانون اور غیر قانونی سرگرمیوں سے متعلق قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت اِس ماہ کی 13 تاریخ کو دوبارہ درج کیا گیا تھا۔ ایجنسی کی ٹیموں نے اِس ماہ کی 21 اور 22 تاریخ کو مقامات کا دورہ کیا تھا اور اپنی تحقیقات شروع کی تھی۔ x

## Pakistan Army Deployment

پاکستان میں اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف پارٹی کے ہزاروں مظاہرین کے ساتھ پُرتشدد جھڑپوں میں کم از کم چھ سیکیورٹی اہلکاروں کی ہلاکت کے بعد فوج کو طلب کیا گیا ہے۔ آج وزارت داخلہ نے فوج کو تعینات کیے جانے کا اعلان کیا۔ تازہ ہدایات کے مطابق عہدیداران نے سیکیورٹی اہلکاروں کو شرپسندوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرنے کیلئے سخت احکامات جاری کیے ہیں اور اگر ضروری ہو تو فساد کرنے والوں کو گولی مارنے سمیت سخت اقدامات کرنے کو کہا ہے۔ پاکستان کی وزارت داخلہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں فوج کو اِس بات کا بھی مجاز ٹھہرایا گیا ہے کہ امن و قانون برقرار رکھنے کیلئے اُسے جب مناسب لگے کرفیو نافذ کیا جاسکتا ہے۔x

## India Bangladesh Minority

بھارت نے بنگلہ دیش حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بنگلہ دیش میں ہندوؤں اور سبھی اقلیتوں کی حفاظت کو یقینی بنائے اور اُنھیں پُرامن اجتماع اور اظہارِ رائے کا حق فراہم کریں۔اپنے بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش سمّیلن سناتن جاگرن جوت کے ترجمان چنموئے کرشن داس کی گرفتاری اور اُن کی ضمانت مسترد کئے جانے سے اُسے گہری تشویش ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اِس واقعے کے بعد بنگلہ دیش میں انتہا پسند عناصر کی جانب سے ہندوؤں پر کئی حملے بھی کئے گئے ہیں۔ x

## Bangladesh Chinmoy Prabhu

بنگلہ دیش میں قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں نے، اِسکون پَنڈرِیک دھام کے، چنموئے کرشن داس برہمچاری کے عقیدتمندوں اور پیروکاروں پر لاٹھی چارج کیا اور تیز آواز پیدا کرنے والے گولے فائر کئے۔ یہ لوگ اپنے پیشوا کی رہائی کا مطالبہ کرنے کیلئے، چٹاگونگ میٹروپولیٹن عدالت پر جمع ہوئے تھے۔

اِس سے پہلے اِس عدالت نے چنموئے پربھو کی ضمانت کی درخواست رد کرنے کے بعد اُنھیں جیل بھیجنے کا حکم دیا تھا۔ چنموئے پربھو، بنگلہ دیش Sammilita سناتنی جاگرن منچ کے ترجمان بھی ہیں۔ اُنھیں ڈھاکہ پولیس نے کل ڈھاکہ ہوائی اڈّے سے اُس وقت گرفتار کیا تھا جب وہ چٹاگونگ جانے کیلئے ہوائی جہاز میں سوار ہونے کے مقصد سے وہاں پہنچے تھے۔

اِسکون پَنڈرِیک دھام کے چنموئے کرشن داس اور بنگلہ دیش Sammilita سناتنی جاگرن Jote، بنگلہ دیش میں سناتنی یا ہندو سماج کی وکالت کرتے رہے ہیں اور اقلیتی برادریوں کی حفاظت اور حقوق کے تئیں آٹھ مطالبات کیلئے آواز اٹھاتے رہے ہیں۔ کل اُن کی گرفتاری کے بعد ہندو سماج کے ہزاروں مرد وخواتین نے چٹاگونگ کے چراغی پہاڑ علاقے میں احتجاجی مارچ کیا تھا۔ ڈھاکہ، رَنگ پور، کھُلنا، کوکس بازار اور بنگلہ دیش کے دوسرے شہروں میں ہندو برادری کے ارکان نے چنموئے کرشن داس کی گرفتاری کے خلاف احتجاج کے مقصد سے ریلیاں نکالیں۔ ڈھاکہ میں کچھ شرپسندوں نے ہندو برادری کے ارکان پر، شاہ باغ جنکشن پہنچنے پر اُن پر حملہ کیا، جس میں دو افراد زخمی ہوگئے۔x

## IFFI

بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول میں پنَجم میں کلا اکیڈمی میں مایۂ ناز گلوکار محمد رفیع پر منعقدہ ایک پروگرام میں بڑی تعداد میں لوگ جمع ہوئے۔ موسیقی کے شائقین یہاں سونو نگم، انورادھا پوڈوال اور شاہد رفیع کو سننے کیلئے یکجا ہوئے تھے۔ سونو نگم نے معروف پلے بیک گلوکار محمد رفیع کے یادگار نغمے گاکر اُنہیں خراج تحسین پیش کیا۔

سرکردہ گلوکار محمد رفیع کے بیٹے شاہد رفیع نے اپنے والد کی سوانح حیات پر ایک فلم ترتیب دینے کے منصوبوں کا اعلان کیا۔

اِس سال IFFI میں بھارتی سنیما کی چار سرکردہ شخصیات راج کپور، محمد رفیع، تپن سنہا اور Akkineni ناگیشور راؤ کا صد سالہ جشن منایا جا رہا ہے۔ x

## Syed Modi Tournament

پی وی سِندھو اور لکشیہ سین ''سید مودی بھارت بین الاقوامی 2024 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ'' میں بھارتی ٹیموں کی قیادت کریں گے۔ یہ ٹورنامنٹ لکھنؤ میں آج شروع ہو رہا ہے۔ یہ ایک BWF Super 300 ٹورنامنٹ ہے، جس کے سبھی میچ، بابو بنارسی داس انڈور اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔ یہ ٹورنامنٹ اگلے مہینے کی پہلی تاریخ تک جاری رہے گا۔خواتین کے سنگلز میں، بھارتی ٹیم کی قیادت اولمپک مقابلوں میں دو بار تمغہ جیتنے والی پی وی سِندھو کریں گی، جبکہ پیرس 2024 اولمپکس کے سیمی فائنل میں تمغہ جیتنے والے کھلاڑی لکشیہ سین، سنگلز میں بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

اِسی دوران، ایشیائی اور دولت مشترکہ کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والے، ستوِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی نے ٹورنامنٹ سے اپنا نام واپس لے لیا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆